# اٹک ریفائنری لمیٹڈ

ARL

# سالانہ اجلاس عام کا نوٹس

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کا چھیالیسواں (۴۶واں) سالانہ اجلاس عام ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۴ دن ۱۱:۳۰ بجے اٹک ہاؤس، مورگاہ، راولپنڈی اور اس کے علاوہ بذریعہ ویڈیو لنک بھی منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل امور پر غور کیا جائے گا۔

## عام امور:

۱۔ ۳۰ جون ۲۰۲۴ کو ختم ہونے والے سال کے لئے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی بمعہ یکجا حسابات کو وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور ان کی منظوری دینا۔

۲۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے تجویز کردہ ۳۰ جون ۲۰۲۴ کو ختم ہونے والے سال کے لئے ۱۲۵ فیصد کے حساب سے (۱۲.۵۰ روپے فی حصص) حتمی نقد منافع منقسمہ پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کی منظوری دینا۔ یہ عبوری منافع منقسمہ ۲.۵۰ روپے فی حصص بحساب ۲۵% کے علاوہ ہے جس کی پہلے ہی ادائیگی کی جا چکی ہے اس طرح یہ منافع مجموعی طور پر ۱۵ روپے فی حصص یعنی ۱۵۰% بنتا ہے۔

۳۔ ۳۰ جون ۲۰۲۴ کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔

۴۔ اجلاس میں پیش کئے جانے والے دیگر امور کو چیئرمین کی اجازت سے نمٹانا۔

رجسٹرڈ آفس:
دی ریفائنری، پی او،
مورگاہ، راولپنڈی
۲۵ ستمبر ۲۰۲۴

بحکم بورڈ
-Sd/-
سیف الرحمٰن مرزا
کمپنی سیکرٹری

## نوٹ:

### ۱۔ سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شرکت:

سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے بذریعہ سرکلر نمبر ۴ مورخہ ۱۵ فروری ۲۰۲۱ کو لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ فزیکل اجلاس کے علاوہ الیکٹرانک طریقے سے سالانہ اجلاس عام میں ممبران کی شرکت کو باقاعدہ شعار بنائیں۔ ورچوئل طریقے سے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے کے خواہشمند ارکان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی درج ذیل معلومات کمپنی سیکرٹری آفس کو سالانہ اجلاس عام کے وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل یعنی ۱۵ اکتوبر ۲۰۲۴ دن ۱۱:۰۰ بجے سے پہلے فراہم کر کے درج کروالیں۔

| حصص دار کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر* | ای میل پتہ* |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

* حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ اپنا فعال موبائل نمبر اور ای میل پتہ فراہم کریں تاکہ بروقت رابطے کو یقینی بنایا جا سکے۔

### اطلاع دینے کا طریقہ کار:

مذکورہ بالا معلومات درج ذیل طریقوں سے فراہم کی جا سکتی ہیں:

الف) موبائل/ واٹس ایپ: ۰۳۰۷۔۶۶۶۰۴۲۳

ب) ای میل 46agm@arl.com.pk

ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات و معلومات (زوم ایپلیکیشن) انہی حصص داران کو فراہم کی جائیں گی جو اجلاس میں شرکت کا ارادہ ظاہر کرتے ہوئے مذکورہ بالا تمام معلومات ۱۵ اکتوبر ۲۰۲۴ دن ۱۱:۰۰ بجے تک یا اس سے قبل مہیا کر دیں گے۔

### ۲۔ نیابت داروں کی تقرری کے لئے:

i۔ کوئی بھی رکن اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے ایسا نیابت دار مقرر کر سکتا/سکتی ہے جو رکن کی جانب سے شرکت کرے، بولے اور ووٹ دے۔ نیابت داری فارم کو موثر ثابت کرنے کے لئے فارم کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں مع مہر و دستخط، اجلاس سے ۴۸ گھنٹے قبل تک موصول ہو جانے چاہئیں۔

ii۔ نیابت داری فارم پر دو گواہان کے نام و پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر درج ہوں۔

iii۔ نیابت دار مقرر کرنے والا اور نیابت دار مقرر ہونے والا دونوں کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں نیابت داری فارم کے ہمراہ مہیا کرنا ہوں گی۔

iv۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ مع نامزدگان کے دستخط کا نمونہ (اگر پیشگی مہیا نہیں کیا گیا) مع نیابت داری فارم کمپنی کو فراہم کرنا ہوگا۔

v۔ اراکین کی جانب سے نیابت دار اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنے کے لئے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرنا ہوگی ان کی جانچ پڑتال کے بعد ویڈیو لنک کی تفصیلات اور لاگ ان معلومات فراہم کی جائیں گی۔

| نیابت دار کا نام | کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | موبائل نمبر | ای میل پتہ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

### ۳۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر /قومی ٹیکس نمبر:

وقتاً فوقتاً جاری کردہ ریگولیٹری ہدایات کی تعمیل میں، ممبران جنہوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) نمبرز اور/ یا نیشنل ٹیکس نمبرز (این ٹی این) جمع نہیں کروائے، جیسی صورتحال بھی ہو، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے موثر سی این آئی سی اور/ یا این ٹی این سرٹیفکیٹس کی کاپیاں فراہم کریں۔

☆ فزیکل شکل میں کمپنی کے حصص رکھنے والے حصص داران سے گزارش ہے کہ مذکورہ بالا معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کروائیں۔

☆ سینٹرل ڈیپازیٹری نظام میں حصص رکھنے والے حصص داران مذکورہ بالا معلومات براہ راست متعلقہ شراکت دار/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کروائیں۔

### ۴۔ فائلر اور نان فائلر کیلئے انکم ٹیکس کی کٹوتی:

انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ کی شق ۱۵۰ کے تحت منافع کی ادائیگی سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح درج ذیل ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح، جن حصص دار کے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہیں | ۱۵ فیصد |
| ۲۔ | انکم ٹیکس کٹوتی کی شرح، جن حصص دار کے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل نہیں ہیں | ۳۰ فیصد |

مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو انفرادی حیثیت میں زیر غور لایا جائے گا کہ اس کا نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہے یا نہیں اور ہر حصہ دار کی حصص داری کی بنیاد پر ٹیکس کٹوتی کی جائے گی جیسا کہ حصص دار نے تحریری طور پر درج ذیل تفصیل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو دی ہوگی یا اطلاع نامہ نہ ہونے کی صورت میں ہر مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر کے حصص برابر تصور کئے جائیں گے۔

| فولیو / سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کل شیئرز | مرکزی حصص دار | | مشترکہ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئرز کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئرز کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |

اَب کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / این ٹی این نمبر لازمی ہے اور ٹیکس سٹیٹس معلوم کرنے کے لئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) وقتاً فوقتاً فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست جاری کرتا ہے۔

### ۵۔ انکم ٹیکس / زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ:

انکم ٹیکس کٹوتی سے استثنیٰ یا کم ریٹ پر کٹوتی کے خواہشمند اہل اراکین مؤثر ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا ضروری دستاویزی ثبوت، جو بھی صورت ہو، جمع کرائیں۔ زکوٰۃ کٹوتی نہ کرانے کے خواہشمند اراکین کو زکوٰۃ عدم کٹوتی کیلئے مستند اعلامیہ جمع کرانا ہوگا۔

### ۶۔ حصص کتب منتقلی کی بندش:

کمپنی حصص منتقلی کی کتب ۱۱ اکتوبر ۲۰۲۴ تا ۱۷ اکتوبر ۲۰۲۴ (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی اور اس دوران کوئی بھی حصص منتقلی کیلئے قبول نہیں کئے جائیں گے۔ ۱۰ اکتوبر ۲۰۲۴ کو کاروبار کے اختتام تک کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک 'بی'، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، پاکستان میں وصول ہونے والی درست منتقلی سالانہ اجلاس عام کیلئے بروقت تصور ہوں گی۔

### ۷۔ وڈیو کانفرنس کی سہولت کے لئے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی شق ۱۳۲ (۲) کے تحت، اگر کمپنی کو کسی ایک جغرافیائی مقام پر رہنے والے بحیثیت مجموعی ۱۰ فیصد یا زائد کے حصص داران کی طرف سے سالانہ اجلاس عام کی تاریخ سے ۷ یوم قبل وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی رضامندی موصول ہو جائے تب کمپنی اس شہر میں وڈیو کانفرنس سہولت کا اہتمام کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں یہ سہولت دستیاب ہو۔ اس سہولت سے استفادہ کے لئے درخواست کمپنی سیکرٹری کو نیچے دیئے گئے پتہ پر جمع کرائی جائے:

کمپنی سیکرٹری
اٹک ریفائنری لمیٹڈ
دی ریفائنری، پی او،
مورگاہ، راولپنڈی

### ۸۔ پتہ میں تبدیلی:

اراکین سے گزارش ہے کہ وہ اپنا پتہ تبدیل ہونے کے بارے میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر مطلع کریں۔

### ۹۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات کی ترسیل:

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ۲۱ مارچ ۲۰۲۳ کو ایس آر او نمبر ۲۰۲۳/ (۱) ۳۸۹ کے تحت لسٹڈ کمپنیوں کو اپنے سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ درج ذیل میں دیئے گئے کیو آر کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اراکین کو بھجوا سکتے ہیں۔

https://www/arl.com.pk/financial-annual/

حصص داران کی منظوری کے تحت ۳۰ جون ۲۰۲۴ کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کیو آر فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے اراکین کو تقسیم کئے جا رہے ہیں۔ سالانہ آڈٹ شدہ علیحدہ اور یکجا مالیاتی حسابات ان اراکین کو بھیجے جا رہے ہیں جنہوں نے اپنا ای میل ایڈریس فراہم کیا ہوا ہے۔ سالانہ رپورٹ کی مطبوعہ کاپی اراکین کو درخواست پر فراہم کر دی جائے گی۔

### ۱۰۔ آڈٹ شدہ مالی حسابات کی کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیابی:

کمپنی کے ۳۰ جون ۲۰۲۴ کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ مالی حسابات اور اس کے علاوہ گزشتہ سالوں کے سالانہ اور سہ ماہی مالی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.arl.com.pk پر مہیا کر دیئے گئے ہیں۔

### ۱۱۔ نقد منافع کی ادائیگی بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار (لازمی):

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے سیکشن ۲۴۲ کے تحت نقد منافع صرف الیکٹرانک طریقہ کار کے ذریعے براہ راست متعلقہ حصص داران کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کیا جائے گا۔ حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات (IBAN فارمیٹ) براہ راست ہمارے شیئر رجسٹرار (فزیکل حصص کے لئے) یا اپنے متعلقہ شراکت دار/ بروکر (سی ڈی ایس حصص کے لئے) جو بھی صورتحال ہو، کو فراہم کریں۔ بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کو اپ ڈیٹ کرنے کا فارم (IBAN فارمیٹ) کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.arl.com.pk پر دستیاب ہے۔

بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات کی عدم فراہمی یا نامکمل فراہمی کی صورت میں کمپنی ان حصص داران کا منافع روکنے پر مجبور ہوگی جنہوں نے مطلوبہ تفصیلات فراہم نہیں کی ہوں گی۔

### ۱۲۔ غیر کلیم شدہ منافع اور غیر منقسم شدہ شیئر سرٹیفکیٹس:

پہلے کمپنی نے اپنی ذمہ داری پوری کرتے ہوئے کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی شق ۲۴۴ کے تحت حصص داران سے رابطہ کیا تھا کہ وہ اپنے غیر کلیم شدہ منافع اور غیر منقسم شدہ شیئرز سرٹیفکیٹس کے لئے قانون کے مطابق کلیم داخل کریں۔

حصص داران جن کے منافع ابھی تک غیر کلیم شدہ ہیں اور شیئر سرٹیفکیٹس کمپنی کے پاس ہیں ایک دفعہ دوبارہ ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر کلیم شدہ منافع اور غیر منقسم شیئرز سرٹیفکیٹس کے لئے کمپنی سے رابطہ کریں۔

### ۱۳۔ فزیکل حصص کو بک انٹری میں تبدیل کرانا:

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کی شق ۷۲ کے تحت ہر لسٹڈ کمپنی اپنے فزیکل حصص کو ''بک انٹری'' کی شکل میں تبدیل کرنے کیلئے کمیشن کی طرف سے طے کئے گئے طریقہ کار اور تاریخ کی پابند ہیں۔ یہ مدت ایکٹ کے اجراء یعنی ۳۰ مئی ۲۰۱۷ سے چار سال سے تجاوز نہیں کرنی چاہئے۔ مزید یہ کہ SECP نے ۲۶ مارچ ۲۰۲۱ کے اپنے خط کے ذریعے ایکٹ کے سیکشن ۷۲ کی تعمیل کرنے اور حصص داران کو اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنے کی ترغیب دینے کا مشورہ دیا ہے۔

مذکورہ بالا ہدایات کی روشنی میں، جن حصص داران کے پاس فزیکل حصص موجود ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکر کے ذریعے اپنے سی ڈی سی سب اکاؤنٹ یا براہ راست سی ڈی سی میں اپنا انوسٹر اکاؤنٹ کھلوائیں تاکہ ان کے فزیکل حصص بک انٹری میں تبدیل کئے جا سکیں، جو کئی لحاظ سے سہولت کا باعث بنیں گے، مثلاً حصص محفوظ تحویل میں رہیں گے اور وہ جب چاہیں انہیں فروخت کر سکیں گے، کیونکہ پاکستان سٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے مروجہ قواعد کے تحت فزیکل حصص کی خرید و فروخت کی اب اجازت نہیں ہے۔

### ۱۴۔ سالانہ اجلاس عام میں قانونی ضابطہ اخلاق:

حصص داران سے درخواست کی جاتی ہے کہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے دوران کمپنیز ریگولیشنز ۲۰۲۴ کے ضابطہ ۵۵ کے ذیلی ضابطہ ۲ میں مذکورہ طرز عمل کی پیروی کریں۔

44x4